دفتر، چیف پبلک ریلیشنز آفیسر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

مالویہ مشن ٹیچر ٹریننگ سینٹر (ایم ایم ٹی ٹی سی) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ کے انتظامیہ عہدیداران کے لیے ہائبرڈ موڈ میں چار ہفتوں کا تربیتی پروگرام شروع کیا

New Delhi, April 22, 2025

عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف نے جامعہ کے اسسٹنٹ رجسٹرار، سیکشن آفیسرز اور انتظامی اسٹاف کے لیے عام انتظامیہ سے متعلق چار ہفتوں کے تربیتی پروگرام کا افتتاح کیا۔ اس تربیتی پروگرام کا خاکہ مالویہ مشن ٹیچر ٹریننگ سینٹر (ایم ایم ٹی ٹی سی) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے تیار کیا ہے اور اسے وہی منعقد بھی کر رہا ہے۔ اس کا مقصد یونیورسٹی کے عہدیداروں کی انتظامیہ ہنر مندی اور استعداد کو بہتر کرنا ہے۔

افتتاحی تقریب میں حاضرین نے خطاب کرتے ہوئے شیخ الجامعہ نے کہا کہ تیزی سے نشو ونما پانے والی ہر یونیورسٹی کی پشت پر اپنی ذمے داریوں کے تئیں وقف شدہ انتظامی ٹیم ہوتی ہے جو بسا اوقات خاموشی لیکن تندہی سے کام کرتی رہتی ہے۔ ان کی استعداد، ان کا عہد اور کام کے تئیں ان کے متوجہ ہونے کا سیدھا اثر ادارے کے کامیابی پر ہوتا ہے۔ اعلی تعلیمی دانش گاہوں میں بہتر گورنینس اور خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے ضمن میں اس طرح کی صلاحیت سازی کے اقدمات کی اہمیت و معنویت کو انھوں نے اجاگر کیا۔ پروفیسر آصف نے دفاتر میں موثر پبلک ڈیلنگ اور بہتر اخلاقی رویے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے سبھی سے اپیل کی کہ وہ معاملات کے نمٹارے میں انتہائی پیشہ ورانہ معیار اور اخلاقیات کا مظاہرہ کریں۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ کام ماحول مثبت، جامع اور ادارے کی ترقی اور اس کے فروغ کا باعث ہو انھوں نے سبھی کی ہمت بڑھائی۔

پروگرام کے آغاز میں ایم ایم ٹی ٹی سی کے اعزازی ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر خالد رضا نے ایم ایم ٹی ٹی سی کا اجمالی جائزہ پیش کرتے ہوئے اس کا وژن سب کے سامنے پیش کیا۔

پروفیسر کلونندر کور، اعزازی ڈائریکٹر، ایم ایم ٹی ٹی سی نے شیخ الجامعہ اور کورس کوآرڈی نیٹر پروفیسر محمد کمال النبی کا شکریہ ادا کیا اور اپنے مصروف شیڈول سے وقت نکال کر پروگرام میں تشریف لانے کے لیے شیخ الجامعہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کا خیر مقدم کیا۔ پروفیسر موصوفہ نے تمام شرکا کا بھی پر تپاک استقبال کیا اور کہا کہ تربیتی پروگرام علم اور آموزش کے باہمی تبادلے کے

لیے پلیٹ فارم ہوتے ہیں۔انھوں نے امید ظہار کی کہ اس کورس کو کرنے کے بعد جامعہ کے عہدیداران اپنے ہنر کو بہتر کرنے کے ساتھ ساتھ ادارے کے بڑھتے مطالبات سے ہم آہنگ ہونے کے لیے کارآمد تدابیر سیکھ سکیں گے اور ادارے کی فضیلت میں بامعنی طور پر اپنا بیش قیمت تعاون پیش کرسکیں گے۔

پروفیسر نبی نے حاضرین کے سامنے پروگرام کا شیڈول،کورس کا خاکہ اور آموزشی ماحصل کے ساتھ ساتھ اس کے متوقعہ نتائج بھی پیش کیے۔بعدازاں تمام اٹھائیس شرکا نے اپنا تعارف پیش کیا اور افتتاحی اجلاس ڈاکٹر شہلا ترنم ایم ایم ٹی ٹی سی کے اظہار تشکر پر اختتام پذیر ہوا۔

پروفیسر صائمہ سعید

چیف،تعلقات عامہ افسر،جامعہ ملیہ اسلامیہ